ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن وحدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:18
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:18

مرتب

مولانا جمشید نقیبی

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب	:	خلاصہ پارہ اٹھارہ مع درسِ حدیث
مرتب	:	مولانا جمشید نقیبی
صفحات	:	11
اشاعت اوّل	:	مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)
پیشکش	:	ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اورنواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس ”فہم و تدبر قرآن پر یکٹیکل کورس“ کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:
مولانا جمشید نقیبی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ اٹھارہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام علیك یارسو ل اللہ

اپنی نماز میں خشوع و خضوع اختیار کرو۔(پارہ18،المومنون2)

بیہودہ باتوں سے بچو۔(پارہ18،المومنون3)

زکوٰۃ ادا کرو۔(پارہ18،المومنون4)

اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرو۔(پارہ18،المومنون5)

امانت میں خیانت نہ کرو۔(پارہ18،المومنون8)

عہد پورا کرو۔(پارہ18،المومنون8)

اپنی نمازوں کی حفاظت کرو۔(پارہ18،المومنون9)

صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔(پارہ18،المومنون23)

صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔(پارہ18،المومنون23)

صرف اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو۔(پارہ18،المومنون26)

غم یا ظلم ختم ہونے کے بعد اللہ کی حمد بیان کرو۔(پارہ 18 ، المومنون28)

اللہ تعالیٰ پر جھوٹ نہ باندھو۔(پارہ18،المومنون38)

اللہ تعالیٰ کے رسول کو نہ جھٹلاؤ۔(پارہ18،المومنون44)

طاقت مل جانے پر غرور نہ کرو۔(پارہ18،المومنون46)

قرآن (کتاب اللہ) سے ہدایت حاصل کرو۔(پارہ 18 ، المومنون49)

پاکیزہ چیزیں کھاؤ۔(پارہ18،المومنون 51)

نیک عمل کرو۔(پارہ18،المومنون 51)

صرف اسلام ہی واحد (سچا) دین ہے اس پر عمل کرو۔(پارہ 18 ، المومنون52)

قرآن مجید پر ایمان لاؤ۔(پارہ18،المومنون58)

اپنے رب کا شریک نہ بناؤ۔(پارہ18،المومنون59)

نیک کاموں میں جلدی کیا کرو۔(پارہ18،المومنون 61)

حق (سچ) کو برا نہ سمجھو۔(پارہ18،المومنون70)

اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کرو۔(پارہ18، المومنون78)

اچھائی سے برائی کو دفع کرو۔(پارہ18،المومنون96)

شیطان کے وسوسوں سے رب کی پناہ مانگو۔(پارہ18،المومنون97)

اللہ کی آیات(قرآن)کا انکار نہ کرو۔(پارہ18،المومنون105)

اللّٰہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ اور اس سے بخشش طلب کرو۔(پارہ 18، المومنون109)

پارسا عورتوں پر تہمت نہ لگاؤ۔(پارہ18،النور4)

تہمت لگانے کے بعد گواہ پیش نہ کریں تو اسی(80) کوڑے لگاؤ۔(پارہ18،النور4)

جو مرد اپنی بیوی پر بدکاری کا الزام لگائے اور گواہ پیش نہ کر سکے تو ان کے درمیان لعان کراؤ۔(پارہ18،النور6-9)

کسی پر بہتان لگاکر گناہ نہ کماؤ۔(پارہ18،النور11)

ایک دوسرے کے ساتھ نیک یا اچھا گمان کرو۔(پارہ18،النور12)

کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالو جس کا تمہیں علم نہ ہو۔(پارہ 18، النور15)

بے حیائی اور فحاشی نہ پھیلاؤ۔(پارہ18،النور19)

اے ایمان والو شیطان کی پیروی نہ کرو۔(پارہ18،النور21)

رشتہ داروں، مساکین اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال خرچ نہ کرنے کی قسم نہ کھاؤ۔(پارہ18،النور22)

بغیر اجازت کسی دوسرے کے گھر میں داخل نہ ہوا کرو۔(پارہ 18، النور27)

اپنی نگاہ نیچی رکھو اور شرم گاہ کی حفاظت کرو۔(پارہ18،النور30)

مسلمان عورتو غیر محرم کے سامنے اپنا بناؤ سنگھار ظاہر نہ کرو۔(پارہ18 ،النور31)

اپنا پاؤں زمین پر زور سے نہ مارو۔(پارہ18،النور31)

اپنی کنیز یا باندی کو مال کے عوض بدکاری پر مجبور نہ کرو۔(پارہ 18، النور33)

مساجد میں اللہ کا ذکر صبح شام کیا کرو۔(پارہ18،النور36)

اللہ کے ذکر سے غافل نہ ہونا۔(پارہ18،النور37)

نماز قائم کرو۔(پارہ18،النور37)

زکوٰۃ ادا کرو۔(پارہ18،النور37)

اور روز قیامت سے ڈرو۔(پارہ 18،النور 37)

اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ۔(پارہ 18،النور 47)

پھر اس کی اطاعت کا انکار نہ کرو۔(پارہ 18،النور 47)

جب اللہ اور اس کے رسول کے حکم طرف بلایا جائے تو اپنا منہ بناؤ (انکار نہ کرو).(پارہ 18،النور 48)

کسی بھی معاملے میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم پر شک نہ کرو۔(پارہ 18،النور 50)

جب اللہ اور رسول کا حکم سنو تو ہم نے سنا اور مانا بس اتنا کہو۔(پارہ 18، النور 51)

اپنے قول کو اپنے عمل سے سچا کر دکھاؤ۔ محض زبانی دعوے نہ کرو۔(پارہ 18،النور 53)

اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کرو۔(پارہ 18، النور 54)

اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کر کے فلاح پاؤ۔(پارہ 18،النور 54)

کسی کے کمرے یا خواب گاہ میں بغیر اجازت داخل نہ ہونا۔(پارہ 18،
النور58)

جب گھر میں داخل ہو یا کسی سے ملو تو سلام کرو۔(پارہ 18،النور 61)

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہانیاں نہ بناؤ۔(پارہ 18،
الفرقان9)

اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرو۔(پارہ 18،الفرقان 18)

اے لوگو صبر کرو۔(پارہ 18،الفرقان 20)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جہنّم سے 500 برَس دُور

مَنۡ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَۃَ مَرَّۃٍ تَزَحۡزَحَتِ النَّارُ عَنۡہُ مَسِیۡرَۃَ خَمۡسِمِائَۃِ عَامٍ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے مجھ پر ایک سو (100) مرتبہ دُرود شریف پڑھے وہ جہنَّم سے 500 برَس کی مَسافَت (یعنی فاصلے کے برابر) دور کر دیا جائے گا۔ (بستان الواعظین لابن جوزی، ص411)

نامۂ اعمال خوش کرے

مَنۡ اَحَبَّ اَنۡ تَسُرَّہٗ صَحِیۡفَتُہٗ فَلۡیُکۡثِرۡ فِیۡھَا مِنَ الِاسۡتِغۡفَارِ

(مجمع الزوائد، 10/347، حدیث: 17579)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ والہ وسلم ”جو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا نامہ اعمال اسے خوش کرے تو اسے چاہیے کہ اس میں استغفار کا اضافہ کرے۔

شرحِ حدیث: یعنی جو چاہے کہ قیامت کے دِن اُسے اُس کا اعمال نامہ خوش کرے تو چاہئے کہ وہ استغفار کی کثرت کرے کیونکہ قیامت کے دن نور سے چمکتا ہوا آئے گا۔(فیض القدیر،6/43)

گانے کی نحوست

مَنْ قَعَدَ اِلٰی قَیْنَۃٍ یَسْتَمِعُ مِنْهَا صَبَّ اللّٰهُ فِیْ اُذُنَیْهِ الْآنِكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

(تاریخ ابنِ عساکر،51/263،حدیث:10884)

فرمانِ مصطفے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم: جو گانے والی کے پاس بیٹھے، کان لگا کر دھیان سے سُنے تو اللہ پاک بروزِ قِیامت اُس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ اُنڈیلے (یعنی ڈالے) گا۔

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663

خوشخبری

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی ﷺ کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطُرق پر مشتمل پہلی جامع وضخیم تصنیف (متن حدیث وسیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد لله على ذلك

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات ﷺ
- رسول اللہ ﷺ کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ ﷺ کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی ﷺ پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی ﷺ پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے